طلبا کے لئے یہ کتاب بہت اچھی ہے اس میں بعض چیزیں ایسی ملیں گی جو عروض المفتاح اور محیط الدائرہ میں نہیں ہیں۔

موت و حیات اقبال کے کلام میں۔ ضخامت ۳۲ صفحات قیمت ۴ر

اقبال کا تصور زمان و مکان۔ ضخامت ۸۰ صفحات قیمت ۱۰ر

اقبال کے چند جواہر ریزے۔ ضخامت ۲۷ صفحات قیمت ۱۰ر

• یہ تینوں کتابچے اچھی کتابت و طباعت اور دیدہ زیب سرورق کے ساتھ اقبال اکیڈمی ظفر منزل تاج پورہ لاہور نے شائع کئے ہیں۔ پہلے دونوں کتابچوں کے مرتب اور مصنف جامعہ عثمانیہ کے فاضل پروفیسر ریاضیات ڈاکٹر رضی الدین صاحب صدیقی ہیں۔ آپ نے پہلے کتابچہ میں اقبال مرحوم کے نظریہ موت و حیات پر روشنی ڈالی ہے اور اس سلسلہ کے جتنے اشعار آپ کو مل سکے ہیں ان کو علمی ترتیب کے ساتھ اس طرح جمع کر دیا ہے کہ پڑھنے والا ڈاکٹر اقبال کے نظریہ موت و حیات کی نسبت کسی اشتباہ میں نہیں رہتا۔ لیکن یہ بحث بڑی دلچسپ اور مفید تھی اگر ڈاکٹر صاحب اس پر ذرا بسط و تفصیل سے کلام کرتے تو بہت اچھا ہوتا۔

دوسرے کتابچہ میں ڈاکٹر صاحب نے زمان و مکان سے متعلق پہلے عوام کا، پھر علی الترتیب حکمائے یونان، حکمائے اسلام اور جدید فلاسفہ اور سائنسدانوں کا تصور بیان کیا ہے۔ اس کے بعد آئین سٹائن کے نظریہ اضافیت میں زمان و مکان کا تصور بیان کرنے کے بعد اقبال مرحوم کے تصور زمان و مکان پر ان کے اشعار اور خطبات کی روشنی میں بحث کی ہے۔ یہ واقعہ ہے کہ مذہب اور الٰہیات کے بہت سے اصول کا فلسفیانہ طور پر سمجھنا زمان و مکان کی حقیقت کے سمجھنے پر موقوف ہے۔ اس بنا پر یہ بحث بڑی اہمیت رکھتی ہے اور یہ ظاہر ہے کہ اقبال کے نام لیواؤں میں اس بحث پر گفتگو کرنے کا سب سے زیادہ حق ڈاکٹر صاحب موصوف کو ہی ہو سکتا تھا۔ یہ مقالہ بڑا دلچسپ مفید اور پُر از معلومات ہے۔

تیسرے کتابچہ میں پروفیسر خواجہ عبدالحمید صاحب گورنمنٹ کالج لاہور نے اقبال مرحوم کے ان متفرق ملفوظات کو جمع کیا ہے جو پروفیسر صاحب نے آنمرحوم کی زبان سے وقتاً فوقتاً مختلف صحبتوں